# ادارۂ تحقیق وتصنیف اسلامی

## علی گڑھ

## ایک اجمالی تعارف



بسم اللہ الرحمن الرحیم

آج اسلام پوری دنیا میں زیر بحث ہے۔ اس کے عقائد، اس کی عبادات، اس کی اخلاقیات، اس کا قانون، اس کی سیاست، معیشت اور معاشرت ہر پہلو پر سخت سے سخت تنقید بھی ہو رہی ہے اور اسے سمجھنے کی سنجیدہ کوشش بھی جاری ہے۔ اب یہ اس دین کو ماننے والی امت کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس پر ہونے والی تنقید کا بھرپور جواب دے اور اس کی حقانیت کو علمی اور فکری سطح پر ثابت کرے۔ اللہ کا شکر ہے کہ ملت کو کسی حد تک اس کا احساس ہے۔ مختلف افراد اور ادارے اپنے اپنے انداز میں دین کی علمی و فکری خدمت انجام دے رہے ہیں لیکن اس کے باوجود کام کا میدان بہت وسیع ہے۔ جو کچھ ہو رہا ہے اس کی قدر و قیمت کا اعتراف کرتے ہوئے بھی کہا جا سکتا ہے کہ وہ اس کے مقابلہ میں بہت کم ہے جو ہونا چاہیے۔ بے شمار گوشے ہیں جن پر کام کرنے کی ضرورت ہے۔

آج سے نصف صدی قبل جماعت اسلامی ہند نے اس ضرورت کے پیش نظر ادارہ تصنیف کے نام سے ایک علمی، تصنیفی ادارہ قائم کیا تھا۔ اس سے وابستہ اصحاب علم و تحقیق نے اسلامیات کے میدان میں قابل قدر کتابیں تصنیف کی ہیں۔ یہی ادارہ ۱۹۸۱ء سے ایک آزاد رجسٹرڈ سوسائٹی کے تحت ادارہ تحقیق و تصنیف اسلامی کے نام سے خدمات انجام دے رہا ہے۔



ادارہ کی مرکزی عمارت جس کی پہلی منزل کی تعمیر کا کام چل رہا ہے

## اغراض و مقاصد

ادارہ تحقیق کے مقاصد دستور میں حسب ذیل بیان ہوئے ہیں:

(۱) ایسی تصنیفات تیار کرنا جو اسلامی فکر کی ترجمانی کرتی ہوں اور جن کے ذریعہ موجودہ دور میں اسلام کا صحیح تعارف ہو سکے۔

(۲) عربی اور انگریزی کی اہم تصانیف کو دیگر زبانوں اور خاص طور پر اردو اور ہندی میں منتقل کرنا، نیز اردو تصانیف کو انگریزی و ہندی میں منتقل کرنا۔

(۳) باصلاحیت افراد کی تربیت کرنا تا کہ وہ:

(الف) اسلامی موضوعات پر ریسرچ کر سکیں

(ب) ایسا لٹریچر تیار کریں جو اسلام کی تبلیغ و اشاعت میں معاون ہو۔

(ج) اہم اسلامی کتابوں کا مختلف زبانوں میں ترجمہ کر سکیں۔

(۴) قرآن، حدیث اور اسلامی موضوعات کی تعلیم کے لیے مراسلاتی کورس جاری کرنا۔

(۵) قرآن و حدیث کی تعلیمات کو اس طرح عام کرنا کہ مسلمان نوجوان نہ صرف یہ کہ اسلام کے وفادار بن کر زندگی گزاریں، بلکہ اسے دنیا کے سامنے بے کم و کاست اس کی روح اور قالب کے ساتھ پیش کر سکیں۔

(۶) ادارہ کے اسکالرس اور دوسرے محققین کی تصنیفات کی اشاعت کا نظم کرنا۔

(۷) اردو، انگریزی اور عربی میں رسائل اور مجلات جاری کرنا۔

(۸) لائبریری کا قیام، جس سے ریسرچ اور تحقیق کے کاموں میں مدد ملے۔

# سرگرمیاں

ادارہ میں حسب ذیل شعبے کام کررہے ہیں

## (۱) شعبۂ تصنیف و تالیف

ادارہ کا یہ شعبہ بنیادی اہمیت کا حامل ہے۔ اس کے تحت وقت کے اہم مسائل وموضوعات اور عصری تقاضوں کے پیش نظر ایسی کتابیں مرتب کرنے کی کوشش کی جاتی ہے جو اسلام کا نقطۂ نظر بہ تمام وکمال پیش کرسکیں اور جن سے آج کے ذہن کو اطمینان حاصل ہوسکے۔ ادارے کے مصنفین کی بعض اہم تصانیف جو ادارۂ تحقیق اور دیگر اداروں سے شائع ہوئی ہیں۔

### مولانا صدر الدین اصلاحیؒ

(۱) تلخیص تفہیم القرآن
(۲) معرکۂ اسلام وجاہلیت
(۳) اسلام ایک نظر میں
(۴) اساس دین کی تعمیر
(۵) فریضۂ اقامت دین
(۶) اختلافی مسائل میں اعتدال کی راہ
(۷) دین کا قرآنی تصور
(۸) راہ حق کے مہلک خطرے
(۹) اسلامی نظام معیشت



صدر ادارہ

### مولانا سید جلال الدین عمری

(۱) غیر مسلموں سے تعلقات اور ان کے حقوق
(۲) اسلام انسانی حقوق کا پاسبان
(۳) غیر اسلامی ریاست اور مسلمان
(۴) کمزور اور مظلوم اسلام کے سایہ میں
(۵) صحت ومرض اور اسلامی تعلیمات
(۶) خدا اور رسول کا تصور اسلامی تعلیمات میں
(۷) معروف ومنکر
(۸) اسلام کی دعوت
(۹) عورت اسلامی معاشرے میں
(۱۰) مسلمان عورت کے حقوق اور ان پر اعتراضات کا جائزہ
(۱۱) عورت اور اسلام
(۱۲) مسلمان خواتین کی ذمہ داریاں
(۱۳) اسلام کا عائلی نظام
(۱۴) انسان اور اس کے مسائل
(۱۵) اسلام اور مشکلات حیات
(۱۶) اسلام میں خدمت خلق کا تصور

### مولانا سلطان احمد اصلاحی

(۱) مشترکہ خاندانی نظام اور اسلام
(۲) وحدتِ ادیان کا نظریہ اور اسلام
(۳) مذہب کا اسلامی تصور
(۴) اسلام اور آزادیٔ فکر ونظر
(۵) اسلام اور آزادیٔ فکر وعمل

### ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی

(۱) قرآن، اہل کتاب اور مسلمان
(۲) حضرت ابراہیم علیہ السلام
(۳) حقائق اسلام۔ بعض اعتراضات کا جائزہ
(۴) کفر اور کافر قرآن کی روشنی میں

### مولانا محمد جرجیس کریمی

(۱) جرائم اور اسلام
(۲) مسلمانوں کی حقیقی تصویر

ادارہ نے یہ کوشش بھی کی ہے کہ دیگر معروف اصحاب علم وقلم کی ایسی نگارشات بھی شائع کی جائیں جو اس کے مقاصد سے فی الجملہ ہم آہنگ ہوں۔ ایسی پانچ وقیع کتابیں شائع ہوچکی ہیں۔

(۱) عہدِ نبوی کا نظامِ حکومت (پروفیسر محمد یٰسین مظہر صدیقی)
(۲) عہدِ نبوی کے غزوات وسرایا (ڈاکٹر رؤف اقبال)
(۳) تصوف۔ ایک تجزیاتی مطالعہ (پروفیسر عبید اللہ فراہی)
(۴) ایمان وعمل کا قرآنی تصور (پروفیسر الطاف احمد اعظمی)
(۵) شیئر بازار میں سرمایہ کاری۔ طریقۂ کار اور اسلامی نقطۂ نظر (ڈاکٹر عبد العظیم اصلاحی)

ادارہ کی سب ہی مطبوعات کو بحمد اللہ مقبولیت حاصل ہوئی ہے۔ ان میں سے بیشتر کتابیں انگریزی اور ملک کی دیگر زبانوں میں منتقل ہوئی ہیں۔

بعض اہم موضوعات پر کارکنانِ ادارہ کی کتابیں منتظر اشاعت ہیں۔

## (۲) شعبۂ تراجم

بین الاقوامی سطح پر اسلام کے تعارف اور اسلام پر ریسرچ اور تحقیق کے کام کو آگے بڑھانے کے لیے ضرورت اس بات کی ہے کہ اسلامیات کی اہم تصنیفات کا ترجمہ ایک زبان سے دوسری زبان میں ہو، تاکہ زبان کی اجنبیت اسلامی مفکرین کے خیالات سے استفادہ کی راہ میں رکاوٹ نہ رہے۔ ادارہ سے وابستہ اصحابِ علم کی درج ذیل کتب و رسائل کا انگریزی ترجمہ اب تک شائع ہو چکا ہے، جن سے اسلام کو اس کے صحیح خدوخال کے ساتھ سمجھنے میں بڑی مدد ملتی ہے۔

**<u>By Maulana Sadruddin Islahi</u>**

| | |
|---|---|
| 1- Islamic Civilization in its Real perspective | ۱-معرکۂ اسلام و جاہلیت |
| 2- How to Study Islam? | ۲-دین کا مطالعہ |
| 3- Pitfalls on the Path of Islamic Movement | ۳-راہِ حق کے مہلک خطرے |
| 4- The Islamic Economic Order | ۴-اسلام کا نظام معیشت |
| 5- Muslims and Dawah of Islam | ۵-مسلمان اور دعوت اسلام |

**<u>By Maulana S.Jalaluddin Umari</u>**

| | |
|---|---|
| 6- Woman and Islam | ۶-عورت اور اسلام |
| 7- Muslim Woman: Role and Responsibilities | ۷-مسلمان خواتین کی ذمہ داریاں |
| 8- The Rights to Muslim Woman - An Appraisal | ۸-مسلمان عورت کے حقوق اور ان پر اعتراضات کا جائزہ |
| 9- Islam and Service to Mankind | ۹-اسلام میں خدمتِ خلق کا تصور |
| 10- Islam and Unity of Mankind | ۱۰-اسلام اور وحدتِ بنی آدم |
| 11- Islam: The Religion of Dawah | ۱۱-اسلام-ایک دینِ دعوت |
| 12- Islam: The Universal Truth | ۱۲-اسلام کے بنیادی عقائد |
| 13- Islamic Solution to Human Issues | ۱۳-انسان اور اس کے مسائل |
| 14- Inviting to Islam | ۱۴-اسلام کی دعوت |

ان میں سے بعض تراجم ادارہ کی اجازت سے دوسرے اداروں نے شائع کیے ہیں۔




ادارے کی مطبوعات کی ایک جھلک

## (۳) مجلہ تحقیقات اسلامی

ادارہ کا ترجمان سہ ماہی تحقیقات اسلامی جنوری ۱۹۸۲ء سے پابندی سے شائع ہورہا ہے۔ اس کے ذریعہ کوشش کی جاتی ہے کہ اسلام کی تعلیمات اپنی صحیح شکل اور بہترین علمی اسلوب میں پیش کی جائیں، ان پر جو بیرونی اثرات پڑے ہیں، انہیں دور کیا جائے۔ اختلافی مسائل بحث و تمحیص کے ذریعہ حل کیے جائیں، دور جدید میں اسلام کے بارے میں جو غلط فہمیاں پائی جاتی ہیں ان کا علمی انداز میں ازالہ ہو اور اسے ایک ایسے زندہ اور انقلابی فکر کی حیثیت سے پیش کیا جائے جو آج کے انسان کے پیچیدہ ترین مسائل کو بھی حل کرتا اور اسے دنیا و آخرت کی کامیابی سے ہم کنار کرسکتا ہے۔ اللہ کا شکر ہے کہ اس کام میں ان تمام افراد اور اہلِ قلم کا تعاون حاصل ہے جو ملک کے مختلف حصوں میں اسلامی علوم پر تحقیقی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ تحقیقات اسلامی کو علمی رسائل و جرائد میں ایک امتیازی مقام حاصل ہے۔ اس کے مضامین ہندو پاک کے مختلف جرائد میں نقل ہوتے رہتے ہیں۔ اس کے متعدد مقالات کے ہندی، انگریزی اور عربی ترجمے شائع ہو چکے ہیں اور بعض مضامین الگ سے رسالوں اور کتابچوں کی شکل میں بھی آچکے ہیں۔ علمی ادارے اس کے مقالات کو اہمیت دیتے ہیں۔ بعض مضامین کو ریسرچ اسکالرس نے مزید تحقیق کا موضوع بنایا ہے۔ ادارہ کے کارکنوں کے علاوہ اسے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے متعدد اساتذہ کا بھرپور قلمی تعاون حاصل ہے۔ اس کے علاوہ دہلی، لکھنؤ، کشمیر، کلکتہ، پٹنہ، بنارس، حیدرآباد اور بنگلور وغیرہ کی جامعات اور تعلیمی اداروں کے اصحاب قلم نے بھی اپنی نگارشات سے اس کی قدر و قیمت میں اضافہ کیا ہے۔ موضوعات کے لحاظ سے اس میں تفسیر، حدیث، سیرت و سوانح، تاریخ و فقہ، تصوف، معاشیات، سماجیات، معاشرت اور سیاست وغیرہ سے متعلق مقالات شائع ہوتے ہیں۔



سہ ماہی مجلہ تحقیقات اسلامی کے کچھ شمارے

## (۴) شعبۂ تصنیفی تربیت

یہ ادارہ کا ایک اہم شعبہ ہے۔ اس کے تحت دینی درس گاہوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں سے فارغ طلبہ کو تصنیف وتالیف اور ترجمہ کی دو سالہ تربیت دی جاتی ہے۔ ادارہ نے شروع سے اس شعبہ کی جانب توجہ دی ہے اور اب تک اس سے بہت سے افراد فائدہ اٹھا چکے ہیں۔ ان میں سے بعض آج کل ملک وبیرون ملک اہم علمی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ یہ شعبہ دو سالہ نصاب پر مشتمل ہے۔ پہلے سال اسلامی علوم۔ تفسیر، حدیث، فقہ، تاریخ وغیرہ۔ کے بنیادی مصادر کے مطالعہ پر زور دیا جاتا ہے اور حاصل مطالعہ کے طور پر مختلف موضوعات پر چھوٹے چھوٹے مضامین لکھوائے جاتے ہیں۔ دوسرے سال کسی ایک موضوع پر مفصل مطالعہ کے ساتھ اس پر مقالہ لکھوایا جاتا ہے۔ دینی مدارس سے فارغ طلبہ کے لیے انگریزی اور کالجوں اور یونیورسٹیوں سے فارغ طلبہ کے لیے عربی سیکھنے کا انتظام کیا جاتا ہے۔



ادارہ کی لائبریری کا ایک منظر

## (۵) لائبریری

ادارہ کی اپنی ایک لائبریری ہے جس میں اردو، فارسی، عربی اور انگریزی کتابوں کا معتد بہ ذخیرہ موجود ہے۔ پھر بھی وہ تحقیقی کاموں کے لیے ناکافی ہے۔ ادارہ اسے ایک ایسی لائبریری کی شکل دینا چاہتا ہے جو نہ صرف اس کی ضروریات کو بڑی حد تک پوری کرے، بلکہ دوسرے علماء و محققین بھی اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔ اس کے لیے لائبریری کی ایک عظیم الشان عمارت کی شدید ضرورت ہے۔ اس وقت علوم جدیدہ سے متعلق بنیادی کتابیں اور انسائیکلو پیڈیاز (Encyclopaedias) کی بھی ضرورت ہے اور اسلامی علوم سے متعلق جدید مطبوعات اور قدیم کتابوں کے نئے ایڈیشنوں کی بھی سخت حاجت ہے۔

## (۶) توسیعی خطبات:

ادارہ کی طرف سے عصری تقاضوں سے ہم آہنگ موضوعات پر توسیعی خطبات (Ext.Lectur) کا اہتمام کیا جاتا ہے جس میں معروف اسکالرس اور محققین اپنے خطبات پیش کرتے ہیں اور ان پر مذاکرہ ہوتا ہے۔



سامعین کا ایک منظر




توسیعی لکچر کا ایک منظر

# منصوبے

## 〈الف〉 علمی و تحقیقی منصوبہ

ادارہ کے سامنے تصنیف وتالیف کا ایک وسیع منصوبہ ہے۔ ظاہر ہے یہ ایک طویل المدت منصوبہ ہے۔ اس لیے اسے پورا کرنے میں کافی وقت لگے گا، البتہ کوشش کی جائے گی کہ اس منصوبہ کا جو حصہ مکمل ہو وہ شائع ہوتا رہے۔ حسب ذیل کام جلد پایۂ تکمیل تک پہنچانے کا ارادہ ہے:

(۱) اسلامی عقائد پر عقلی انداز میں بحث کرنے والی ایک کتاب کی تصنیف
(۲) سیرت پر عقلی انداز میں بحث کرنے والی ایک کتاب کی تصنیف
(۳) سیرت رسول اللہ ﷺ پر ایک جامع مبسوط دائرۃ المعارف
(۴) قرآنی اصطلاحات کی شرح وتبیین پر ایک جامع تصنیف کی تیاری
(۵) اسلام کے دعوتی افکار
(۶) عصر حاضر کے تقاضوں کے پیش نظر احادیث کے ایک مجموعے کی تیاری
(۸) اسلام کا مطلوبہ خاندانی نظام
(۹) اسلام کا تربیتی نظام
(۱۰) اسلام میں بچوں کے حقوق
(۱۱) مسلم سماج کے رسوم اور اسلامی تعلیمات
(۱۲) عصری تقاضوں اور مسائل کے پیش نظر کتابچوں کی تیاری

ان کے علاوہ دیگر عصری اہمیت کے حامل موضوعات پر تحقیق کا کام، فاصلاتی / مراسلاتی تعلیمی پروگرام اور مختصر مدتی دعوتی وتربیتی پروگرام بھی ادارے کی ترجیحات میں شامل ہے۔

## 〈ب〉 تعمیراتی منصوبہ

ادارہ کے پیش نظر جو عظیم الشان منصوبہ ہے وہ ایک بڑے کمپلکس کا تقاضا کرتا ہے۔ اس کے لیے اس کے پاس ایک وسیع قطعہ اراضی موجود ہے اس پر بنیادی ضروریات کے لیے ایک منزلہ عمارت تعمیر کرلی گئی ہے۔ اب اس کے اوپر دوسری منزل کی تعمیر کا کام جاری ہے۔ ادارہ کے پاس تعمیرات کا ایک بڑا منصوبہ ہے، جس میں سوطلبہ کی رہائش کے لیے ہاسٹل، مسجد، اسٹاف کوارٹرس اور مہمان خانہ کی تعمیر شامل ہے۔



ادارہ کا ایک منظر

# متوقع مصارف

## غیر مستقل مصارف

| | |
|---|---|
| ادارہ کی عمارت کی پہلی منزل کی تعمیر | 2500,000 |
| تین اسٹاف کوارٹر کی تعمیر | 10,00,000 |
| ہاسٹل برائے طلبہ (۵۰ کمرے) | 1,25,00,000 |
| لائبریری کی ضروریات | 1,00,000 |
| لائبریری کی علیحدہ عمارت | 2,50,000 |
| فرنیچر | 2,00,000 |

## مستقل مصارف

| | |
|---|---|
| مشاہرہ (محققین ودیگر اسٹاف) سالانہ | 6,00,000 |
| تصنیفی تربیت پروگرام سالانہ | 1,50,000 |
| مجلہ تحقیقات اسلامی کی اشاعت | 80,000 |
| اشاعت کتب | 2,00,000 |
| متفرق مصارف | 1,44,000 |

# مجلس منتظمہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| (۱) | مولانا سید جلال الدین عمری | امیر جماعت اسلامی ہند | صدر |
| (۲) | ڈاکٹر صفدر سلطان اصلاحی | استاد، طبیہ کالج، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ | سکریٹری |
| (۳) | پروفیسر محمد رفعت | پروفیسر انجنیر نگ کالج، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی | خازن |
| (۴) | ڈاکٹر فضل الرحمٰن فریدی | ماہر معاشیات اور سابق استاد جامعۃ الملک عبدالعزیز الاسلامیہ، ریاض | رکن |
| (۵) | ڈاکٹر محمد عبدالحق انصاری | سابق امیر جماعت اسلامی ہند وچیرمین اسلامی اکیڈمی، دہلی | رکن |
| (۶) | جناب سید محمد جعفر | نائب امیر جماعت اسلامی ہند | ,, |
| (۷) | جناب ٹی۔کے عبداللہ | رکن مرکزی مجلس شوریٰ جماعت اسلامی ہند | ,, |
| (۸) | جناب محمد فاروق خاں، ایم۔اے۔ | ہندی مترجم قرآن | ,, |
| (۹) | ڈاکٹر سید مطیع اللہ کوثر یزدانی | سابق ایڈیٹر کانتی دہلی | ,, |
| (۱۰) | پروفیسر احمد سجاد | چیرمین ادارہ علم وادب، رانچی | ,, |
| (۱۱) | انجنیر سید سعادت اللہ حسینی | رکن مرکزی مجلس شوریٰ جماعت اسلامی ہند | ,, |

# اپیل

اس عظیم منصوبہ کو روبہ عمل لانے کے لیے جن وسائل کی ضرورت ہے وہ ادارہ کو حاصل نہیں ہیں۔ تاہم اللہ کے فضل وکرم اور اصحاب خیر کے فراخ دلانہ تعاون کی امید پر ہم نے اس یقین کے ساتھ قدم بڑھایا ہے کہ یہ منصوبے انشاء اللہ ضرور پورے ہوں گے اور پیہم جدو جہد نتیجہ خیز ثابت ہوگی۔ ایسے اصحاب خیر جو اس طرح کے علمی وتحقیقی کام کی ضرورت واہمیت سے بخوبی واقف ہیں، ان سے درخواست ہے کہ وہ اس منصوبہ کی تکمیل میں ادارہ سے تعاون فرمائیں۔

تعاون کے لیے چیک یا ڈرافٹ پر صرف اتنا لکھیں:

**IDARA-E-TAHQEEQ-O-TASTEEF-E-ISLAMI**


ترسیل زر کا پتہ

ادارہ تحقیق وتصنیف اسلامی

نئی نگر، جمال پور، پوسٹ بکس نمبر ۹۳، علی گڑھ ۲۰۲۰۰۲ - یوپی - انڈیا

موبائل نمبر: 09410060558+09412562972+09219404328

Website: www.tahqeeqi.com

E-mail: tahqeeqat_islami@yahoo.com, tahqeeqateislami@gmail.com